ٹیسٹ نمبر 1

دی گئی ہدایات کے مطابق مناسب جواب تجویز کیجیے۔

درج ذیل کے مترادف لکھیں

1۔ نیر a پانی b لکڑی c پہاڑ d خیرات

2۔ اجل رسیدہ a جاں بلب b زندہ c لافانی d اختیاری

3۔ سِر a کھلا b انوکھا c راز d مخلوط

4۔ ہویدا a پوشیدہ b مطمئن c آشکار d خانہ بدوش

5۔ تکوین a نوکیلا b پیدائش c رذیل d زمانہ

6۔ برغیل a بانس b افراد c خشکی d ترائی

7۔ اغماض a دوستی b چشم پوشی c منتقلی d بے ربط

8۔ چنڈال a امیر b غریب c سفلہ d باضمیر

9۔ کون سا لفظ مذکر ہے a ہم راہی b فطرت c فکر d شریعت

10۔ دین کا جمع ہے a دواوین b ادیان c دون d ادوان

11۔ اسم نکرہ کی قسم ہے a اسمِ علم b اسمِ آلہ c اسمِ تنکیر d اسمِ اشارہ

12۔ درست فقرہ کون سا ہے؟ a تم نے مجھے دغا دی b تم نے مجھے دغا دیا

c تم نے مجھے دغا دیے d تم نے مجھے دغا دیں

13۔ ہمت قواعد کی رو سے کیا ہے؟ a فعل معروف b فعل مجہول

c فعل ناقص d فعل نہی

14۔ ''سیخ پا ہونا'' کا مطلب ہے a کباب لگانا b سیخ پر چڑھانا

c کھانا بنانا d غصے میں آنا

15۔ ''شیخ العصر'' کیا ہے؟ a عرف b لقب c خطاب d کنیت

16۔ کون سا کنایہ ہے؟ a یہ میرا گھر ہے b یہ پھول بہت خوب صورت ہے

c تم یہاں کیوں آئے؟ d تم نے اسے سر پر چڑھا رکھا ہے

17۔ دل کو دل سے... ہوتی ہے a محبت b عقیدت c ہمدردی d راہ

LIVEWORKSHEETS

مناسب ترجمے کا انتخاب کیجیے۔

18۔ کیا وہ تمھاری بات مانتا ہے؟

a Does he obeys you?

b Do he obeys you?

c Does he obey you?

d Do he obey you?

19۔ گاڑی اسٹیشن پر پہنچ گئی۔

a The train arrived the station.

b The train arrived at the station.

c The train is arriving at the station.

d The train will arrive the station.

20۔ دروازے پر تالا لگا دو

a Lock at the door.

b Lock the door.

c Put a lock on the door.

d Lock on the door.

LIVEWORKSHEETS